بسم اللہ الرحمن الرحیم

# كلمة الشكر

**الحمد لله الذى جعل الصلاة عماد الدين، وجعلها رسول الله صلى الله عليه وسلم علامة فارقة تميز المسلمين من الكافرين، أحمده سبحانه أن جعلنا من أهل الصلاة، وأشكره على ما حبانا وأشهد أن محمدًا عبده ورسوله إلى جميع الثقلين، اللّٰهم صل وسلم على عبدك ورسولک محمد، وعلى آله وأصحابه ومن على سنته إلى يوم الدين، أما بعد:**

اللہ جل جلالہ وعم نوالہ کا احسان ہے کہ اس نے اپنے فضل سے منظمۃ السلام العالمیہ کے زیر اہتمام ''فتاوی علماء ہند'' کی چودہویں جلد کی اشاعت کی توفیق مرحمت فرمائی۔

یہ کتاب الصلوٰۃ کی گیارہویں جلد ہے، اس جلد میں سجدۂ سہو سے متعلق متفرق مسائل، سجدۂ تلاوت کے احکام، مسافر کی نماز کے مسائل، جمعہ کی فضیلت، نماز جمعہ کی فرضیت، وشرائط جمعہ اور اس کے مسائل تفصیل سے ذکر کئے گئے ہیں۔

اسلام میں یوم جمعہ کی بہت عظمت وفضیلت بیان کی گئی ہے اور اسے ہفتے کے دنوں کا سردار کہا گیا ہے، جس میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی نعمتیں، رحمتیں اور برکتیں بندوں پر نازل ہوتی ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ بہترین دن جس پر سورج طلوع ہوا جمعہ کا دن ہے، اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی، اسی دن جنت میں داخل کئے گئے اور اسی دن وہاں سے نکالے گئے اور اسی دن قیامت واقع ہوگی۔ (صحیح بخاری)

ارکان منظمۃ السلام العالمیہ اللہ جل شانہ کے کرم کے شکر گزار ہیں، ہماری بے بضاعتی وکم مائیگی اظہر من الشمس ہے، علما وصلحا سے اس کی تکمیل کے لیے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ اس کام کے اندر آنے والے تمام رکاوٹوں کو دور فرمائے اور اللہ پاک اس کو شرف قبولیت بخشے اور عوام وخواص کے لیے نافع بنائے۔ آمین

بندہ شمیم احمد
ناشر فتاویٰ علمائے ہند
خادم منظمۃ السلام العالمیۃ، ممبئی (انڈیا)

یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹ھ